# سرپرستی

(مینٹل ہیلتھ ایکٹ 1983 کی دفعہ 7)

| | |
|---|---|
| 1. مریض کا نام | |
| 2. آپ کے سرپرست کا<br>2.1 نام | |
| 2.2 پتہ | |
| 2.3 ٹیلیفون نمبر | |
| 3. آپ کی ذمہ دار مقامی سوشل سروسز اتھارٹی | |

## سرپرستی کیا ہے؟

مینٹل ہیلتھ ایکٹ 1983 کی دفعہ 7 کے تحت جو افراد دماغی اختلال میں مبتلا ہیں ان کی مدد کے لئے انہیں ایک سرپرست دیا جاسکتا ہے، بشرطیکہ دو ڈاکٹر اس کی ضرورت کا اظہار کریں۔

آپ کا سرپرست آپ کا مقامی سوشل سروسز اتھارٹی، یا کوئی ایسا شخص ہوسکتا ہے جو سوشل سروسز اتھارٹی کے ذریعہ منظور شدہ ہے۔ اگر آپ کا سرپرست سوشل سروسز اتھارٹی ہے تو انہیں "نجی سرپرست" کہا جاتا ہے۔

آپ کے سرپرست کو آپ سے یہ باتیں کہنے کے قانونی اختیارات ہوتے ہیں:

- آپ کو کہاں رہنا چاہئے
- طے شدہ مقامات اور طے شدہ اوقات پر طبّی معالجہ، کام، تعلیم یا تربیت کے واسطے حاضر ہونے کے لئے
- ڈاکٹر یا کسی اور نامزد شخص کو آپ کو دیکھنے کی اجازت دینے کے لئے۔

## مجھے سرپرست کی ضرورت کیوں ہے؟

دو ڈاکٹروں کا خیال ہے کہ آپ کو معاشرے میں رہنے کے لئے مدد درکار ہے کیونکہ آپ دماغی اختلال میں مبتلا ہیں اور آپ کو خود اپنی بہبود کے لئے یا دوسرے لوگوں کے تحفظ کے لئے ایک سرپرست کی ضرورت ہے۔

## یہ کتنے دنوں تک برقرار رہتا ہے؟

سرپرستی پہلے پہل چھ ماہ تک برقرار رہتی ہے۔

اگر آپ کے ذمہ دار معالج یا آپ کے نامزد میڈیکل اٹینڈنٹ کو لگتا ہے کہ آپ کی سرپرستی کی تجدید ضروری ہے تو مزید چھ ماہ تک کے لئے، اور پھر ایک ہی بار میں ایک سال تک کے لئے اس کی تجدید ہوسکتی ہے۔ وقت قریب تر آنے پر وہ اس بارے میں آپ سے بات کریں گے۔

آپ کا ذمہ دار معالج یہ دیکھنے کے لئے کہ آیا آپ کو ابھی بھی سرپرست کی ضرورت ہے مقامی سوشل سروسز اتھارٹی کے ذریعہ طلب کردہ ڈاکٹر، یا کوئی اور شخص ہوتا ہے۔ اگر آپ کا کوئی نجی سرپرست ہے تو، یہ کام اس کے بجائے "نامزد میڈیکل اٹینڈنٹ" کے نام سے موسوم ڈاکٹر کے ذریعہ انجام دیا جائے گا۔

## کیا میں اپیل کرسکتا ہوں؟

اگر آپ سرپرست کی خدمت بند کرنا چاہتے ہیں تو، آپ کو اپنے سرپرست، اپنے مقامی سوشل ورکر، اپنے ذمہ دار معالج یا اپنے نامزد میڈیکل اٹینڈنٹ سے بات کرنی چاہئے۔

آپ سوشل سروسز اتھارٹی کے نام خط لکھ کر ان سے اپنی سرپرستی ختم کرنے کی گزارش بھی کرسکتے ہیں۔ یہ فیصلہ کرنے سے قبل کہ آیا آپ کو ابھی بھی سرپرست کی ضرورت ہے سوشل سروسز اتھارٹی سے تعلق رکھنے والا کوئی شخص آپ سے بات کرسکتا ہے۔

آپ کا قریب ترین رشتہ دار سوشل سروسز اتھارٹی کے نام خط لکھ آپ کی سرپرستی ختم کرسکتا ہے۔ اس کتابچہ میں مزید بتایا گیا ہے کہ آپ کا قریب ترین رشتہ دار کون ہے۔

آپ یہ کہنے کے لئے ٹریبیونل سے بھی گزارش کرسکتے ہیں کہ آپ کو سرپرست کی مزید ضرورت نہیں رہ گئی ہے۔

## ٹریبیونل کیا ہے اور کیا ہوتا ہے؟

ٹریبیونل ایک خود مختار پینل ہے جو یہ فیصلہ کرتا ہے کہ آیا آپ کو ابھی بھی سرپرست کی ضرورت ہے۔ یہ آپ کے ساتھ اور ہسپتال کا جو عملہ آپ کو جانتا ہے اس کے ساتھ ایک میٹنگ کرے گا۔ اس میٹنگ کو "شنوائی "کہا جاتا ہے۔ اگر آپ کی مرضی ہو تو، آپ شنوائی میں اپنی مدد کے لئے کسی اور شخص سے بھی آنے کی گزارش کرسکتے ہیں۔ شنوائی سے قبل، ٹریبیونل کے ممبران آپ اور آپ کے سرپرست کے بارے میں رپورٹیں پڑھیں گے۔ ٹریبیونل کا ایک ممبر آپ سے بات کرنے بھی آئے گا۔

## میں ٹریبیونل کے سامنے کب درخواست دے سکتا ہوں؟

آپ اپنی سرپرستی کے پہلے چھ ماہ کے دوران ایک بار کسی بھی وقت ٹریبیونل کے سامنے درخواست دے سکتے ہیں۔ اس کے بعد آپ اگلے چھ ماہ کے دوران پھر سے ایک بار اور اس کے بعد بھی اگر آپ زیر سرپرستی ہیں تو پھر ہر سال ایک بار درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر آپ ٹریبیونل کے سامنے درخواست دینا چاہتے ہیں تو آپ اس پتے پر خط لکھ سکتے ہیں:

The Tribunals Service
PO BOX 8793
5th Floor
Leicester
LE1 8BN
ٹیلیفون:0300 123 2201

آپ کسی وکیل سے یہ گزارش کرسکتے ہیں کہ آپ کی جانب سے ٹریبیونل کو خط لکھ دے اور شنوائی میں آپ کی مدد کرے۔ آپ کی سوشل سروسز اتھارٹی اور لاء سوسائٹی کے پاس اس چیز میں تخصص یافتہ وکلاء کی فہرست موجود ہوتی ہے۔ آپ کو اس ضمن میں وکیل سے مدد حاصل کرنے کے لئے کوئی معاوضہ ادا نہیں کرنا ہے۔ لیگل ایڈ اسکیم کے تحت یہ بلا معاوضہ ہے۔

## آپ کے قریب ترین رشتہ دار کو واقف کرانا

اس کتابچہ کی ایک کاپی اس شخص کو دی جائے گی جس کو مینٹل ہیلتھ ایکٹ آپ کا قریب ترین رشتہ دار قرار دیتا ہے۔

مینٹل ہیلتھ ایکٹ میں ایسے افراد کی فہرست موجود ہے جنہیں قریب ترین رشتہ دار سمجھا جاتا ہے۔ عام طور پر، اس فہرست میں جو شخص سب سے اوپر ہوتا ہے وہی آپ کا قریب ترین رشتہ دار ہوتا ہے۔ آپ کی سوشل سروسز اتھارٹی آپ کو ایک کتابچہ مہیّا کراسکتی ہے جس میں اس چیز کی اور آپ کی نگہداشت اور معالجہ کے سلسلے میں آپ کے قریب ترین رشتہ دار کو حاصل حقوق حاصل کی صراحت کی گئی ہے۔

آپ کے معاملے میں، ہمیں بتایا گیا ہے کہ آپ کا قریب ترین عزیز ذیل کا فرد ہے:

| |
|---|
| |

اگر آپ نہیں چاہتے ہیں کہ اس شخص کو کتابچہ کی کاپی موصول ہو تو، براہ کرم اپنے سرپرست، سوشل ورکر یا جس شخص نے آپ کو یہ کتابچہ دیا اسے بتادیں۔

اگر آپ کو نہیں لگتا ہے کہ یہ فرد آپ کا قریب ترین رشتہ دار ہونے کے لئے موزوں ہے تو، آپ کاؤنٹی کورٹ میں عرضی دے سکتے ہیں کہ اس کے بجائے کسی اور شخص کو آپ کا قریب ترین رشتہ دار خیال کیا جائے۔ آپ کی سوشل سروسز اتھارٹی آپ کو ایک کتابچہ مہیا کراسکتی ہے جس میں اس کی وضاحت ہوتی ہے۔

## ضابطۂ عمل

ایک ضابطۂ عمل موجود ہے جس سے آپ کی نگہداشت میں شامل افراد کو مینٹل ہیلتھ ایکٹ کے بارے میں مشورہ حاصل ہوتا ہے۔ انہیں آپ کی نگہداشت کے بارے میں فیصلے کرتے وقت اس بات کا خیال رکھنا ہوتا ہے کہ ضابطہ کا کیا کہنا ہے۔ اگر آپ کی مرضی ہو تو، آپ اس ضابطہ کی کاپی ملاحظہ کرنے کے لئے طلب کرسکتے ہیں۔

## مزید تعاون اور معلومات

اگر آپ کی نگہداشت کے بارے میں مذکور کوئی بات آپ کی سمجھ میں نہیں آتی ہے تو، براہ کرم اپنے سرپرست، اپنے سوشل ورکر یا آپ کی نگہداشت میں شامل کسی اور شخص سے معلوم کریں۔ اگر اس کتابچہ میں مذکور کوئی بات آپ کی سمجھ میں نہیں آتی ہے یا آپ کا کوئی سوال ایسا ہے جس کا جواب اس کتابچہ میں درج نہیں ہے تو براہ کرم ان سے اس کی وضاحت کرنے کو کہیں۔

اگر آپ کو کسی اور شخص کے لئے اس کتابچہ کی ایک اور کاپی درکار ہے تو براہ کرم طلب کریں۔